Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۹ مطبوعہ روز پنجشنبہ بتاریخ ۲۱ رجب المرجب ۱۳۵۸ھ مطابق ۷ ستمبر ۱۹۳۹ء جلد ۵۲

غیر معمولی گزٹ

آرڈیننس

مصدرہ اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

آرڈیننس

مصدرہ اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- مورخہ ستمبر ۱۹۳۹ء

تحفظ ہند- آرڈیننس نمبر ۱ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء

ہرگاہ کہ بین الاقوامی حالات و اعلان جنگ کی بنا پر اس امر کی ضرورت ہے کہ خاص ذرائع حفاظت رعایائے رامپور و باشندگان ہند و تحفظ ہندوستان و سماعت مقدمات جرائم مخصوص اختیار کئے جائیں لہذا مابدولت واقبال حسب ذیل احکام صادر فرماتے ہیں:-

۱- (۱) یہ آرڈیننس تحفظ ہند آرڈیننس نمبر ۱ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور کے نام سے موسوم ہوگا

(۲) اس آرڈیننس کا نفاذ تمام حدود ریاست رامپور میں اسکی تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے ہوگا۔

۲- آرڈیننس ہذا کی رو سے دفعات ۲ لغایتہ ۱۹ نافذ کردہ گورنمنٹ ہند ذریعہ آرڈیننس تحفظ ہند مؤرخہ ۳ ستمبر ۱۹۳۹ء جہاں تک کہ وہ حالات ریاست پر مؤثر ہوں نافذ کئے جاتے ہیں۔

۳- عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج مجسٹریٹی و عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو اختیارات بابتہ انتظام تحت آرڈیننس ہذا عطا کئے جاتے ہیں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار واقع ۹ ستمبر ۱۹۳۹ء

تحفظ ہند۔ آرڈیننس نمبر ۲ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور

ہرگاہ کہ بین الاقوامی حالات کی بنا پر اس امر کی ضرورت ہے کہ گورنمنٹ رامپور کو اختیارات نگرانی و ممانعت برآمد سامان حرب عطا کئے جائیں لہٰذا ما بدولت و اقبال حسب ذیل احکام صادر فرماتے ہیں :۔

۱۔ الف ۔ یہ آرڈیننس تحفظ ہند آرڈیننس نمبر ۲ بابت ۱۹۳۹ء ریاست رامپور کے نام سے موسوم ہوگا۔

ب ۔ اس آرڈیننس کا نفاذ تمام حدود ریاست میں اس کی تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے ہوگا۔

۲۔ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج مجسٹریٹی و عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو اختیارات انتظام تحت آرڈیننس ہذا عطا کئے جاتے ہیں۔

۳۔ افسران متذکرہ دفعہ (۲) کو اختیار حاصل ہوگا کہ تا حکم ثانی اس سامان حرب کی برآمد کو ممنوع قرار دیں یا اس کی برآمد پر قیود عائد کریں جس کی ضرورت کار برائے استعمال افواج بری و بحری یا ایرفورس ملک معظم قیصر ہند احتمال ہو۔

۴۔ افسران متذکرہ ۲ کو اختیار ہوگا کہ وہ سامان حرب کی برآمد پر اس قسم کی قیود عائد کریں کہ وہ غنیم کے قبضہ میں نہ پہونچ سکے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار واقع ۹ ستمبر ۱۹۳۹ء

تحفظ ہند آرڈنینس نمبر ۳ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور رجسٹری اسمائے یورپین رعایا حکومت برطانیہ

ہرگاہ کہ بین الاقوامی حالات کی بناء پر اس امر کی ضرورت ہے کہ یوروپین رعایا حکومت برطانیہ کے اسماء کی رجسٹری کی جائے لہذا ۔ مابدولت و اقبال حسب ذیل احکام صادر فرماتے ہیں ۔

۱ ۔ (۱) یہ آرڈنینس تحفظ ہند آرڈنینس نمبر ۳ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور کے نام سے موسوم ہوگا ۔

(۲) اس آرڈنینس کا نفاذ تمام حدود ریاست میں اسکی تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے ہوگا ۔

۲ ۔ آرڈنینس ہذا کی رو سے دفعات نمبر ۲ لغایت نمبر ۶ مع ضمیمہ نافذ کردہ گورنمنٹ ہند ذریعہ آرڈنینس نمبر ۲ سنہ ۱۹۳۹ء مورخہ ۳۰ اگست سنہ ۱۹۳۹ء کی جانتک کہ وہ حالات ریاست پر موثر ہوں منظوری دیجاتی ہے ۔

۳ ۔ صاحب ریزیڈنٹ بہادر ریاست رامپور تحت آرڈنینس ہذا افسر رجسٹری کنندہ مقرر ہوسے ہیں جن کو جملہ اطلاعات ذریعہ محکمۂ عالیہ دارالانشاء ارسال کی جائیں ۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار۔ واقع ۸ ستمبر ۱۹۳۹ء

تحفظ ہند۔ آرڈیننس نمبر ۲ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور

ہرگاہ کہ بین الاقوامی حالات کی بنا پر اس امر کی ضرورت ہے کہ گورنمنٹ رامپور کو اختیارات نگرانی طباعت و اشاعت اخبارات دیئے جائیں۔ لہذا ابد دولت و اقبال حسب ذیل احکام صادر فرماتے ہیں:۔

دفعہ ۱ (۱) یہ آرڈیننس تحفظ ہند آرڈیننس نمبر ۲ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) اس آرڈیننس کا نفاذ تمام حدود ریاست میں اسکی تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے ہوگا۔

دفعہ ۲ پریس نوٹس نمبر ۱ لغایتہ دفعہ ۱۶ نافذ کردہ گورنمنٹ ہند جہاں تک کہ وہ حالات ریاست پر مؤثر ہوں تحت آرڈیننس ہذا نافذ کئے جاتے ہیں۔

دفعہ ۳ بغرض سہولت کار و اعانت پریس صاحب سکریٹری بہادر کونسل کو مشیر طبع و اشاعت اخبارات مقرر کیا جاتا ہے۔ تاکہ ایڈیٹران آرڈیننس تحفظ ہند کی خلاف ورزی سے محفوظ رہیں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۶ ستمبر ۱۹۳۹ء

تحفظ ہند آرڈیننس نمبر ۵ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور (فارینرس آرڈیننس)

ہرگاہ کہ بین الاقوامی حالات کی بنا پر اس امر کی ضرورت ہے کہ باشندگان ممالک غیر کی آمد قیام اور روانگی پر قیود عائد کیجائیں۔ لہذا ابدولت و اقبال حسب ذیل احکام صادر فرماتے ہیں:-

۱- (۱) یہ آرڈیننس تحفظ ہند آرڈیننس نمبر ۵ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) اس آرڈیننس کا نفاذ تمام حدود ریاست میں اسکی تاریخ اشاعت گزٹ سرکاری سے ہوگا

۲- دفعات نمبر ۲ لغایت نمبر ۱۲ نافذ کردہ حکومت ہند ذریعہ فارینرس آرڈیننس نمبر ۱ سنہ ۱۹۳۹ء جہانتک کہ وہ حالات ریاست پر مؤثر ہوں نافذ متصور ہوں گی

۳- عالیجناب صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج مجسٹریٹی و عالیجناب صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو اختیارات بابت انتظام تحت آرڈیننس ہذا عطا کئے جاتے ہیں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار :- واقع ۹ ستمبر ۱۹۳۹ء

تحت دفعہ (۸) تحفظ ہند آرڈیننس ۱۹۳۹ء مجریہ گورنمنٹ ہند جس کا نفاذ ذریعہ تحفظ ہند آرڈیننس ۱ ریاست رامپور ۱۹۳۹ء منظور کیا جا چکا ہے۔ اسپیشل ٹرابیونل جو حسب ذیل ارکان پر مشتمل ہوگا۔ کل ریاست رامپور کے لئے مقرر کیا جاتا ہے :-

عالیمرتبت مسٹر سید بشیر حسین زیدی بہادر بار ایٹ لا	پریسیڈنٹ
عالیمرتبت مسٹر آر۔ ایچ سیلوے بہادر آئی۔ سی۔ ایس	ممبر
عالیمرتبت مسٹر ارشاد اللہ خاں بہادر بار ایٹ لا	ممبر

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم